# <u>الیکشن کمیشن آف پاکستان</u>

(شعبہ تعلقات عامہ)

## <u>پریس ریلیز</u>

مورخہ 07دسمبر ،2017

**الیکشن کمیشن آف پاکستان ۔** آج 7دسمبر 2017ء کو قومی دن برائے ووٹران( National Voters' Day) پورے ملک میں شایان شان طریقے سے منایا جارہاہے۔اس سلسلے میں مرکزی تقریب ایوان صدر میں ہوئی جو دن 11بجے شروع ہوئی ۔اس تقریب کے مہمان خصوصی صدر مملکت اسلامی جمہوریہ پاکستان عزت مآب جناب ممنون حسین تھے۔چیف الیکشن کمشنر جسٹس سردار محمد رضا نے تقریب سے خطاب کیا۔اور ووٹ کی اہمیت پر روشنی ڈالی۔صدر ممنون حسین نے بھی قومی دن برائے ووٹران کے موقع پر تقریب سے خطاب کیا۔ملک بھر اور اسلام آباد دارالحکومت سے چیدہ چیدہ اور سرکردہ لوگوں کے ساتھ سول سوسائٹی اور سرکاری ملازمین کی بہت بڑی تعداد نے اس تقریب میں شرکت کی۔اسلام آباد کی تمام شاہراہوں پر بینرز اور سٹیمرز لگادیئے گئے ہیں تاکہ عوام کو ووٹ کی اہمیت کا احساس اور اپنی قومی ذمہ داری سے آگاہ کیا جائے۔صدر پاکستان اور چیف الیکشن کمشنر نے موبائل ایپ ٹیکنالوجی کا اس موقع پر افتتاح کیا۔موبائل ایپ کی مدد سے موبائل صارفین کلک ای سی پی **"Clik ECP"** سے منسلک ہوگئے۔اس ایپ سے تمام رزلٹ، قوانین، ضابطہ اخلاق، نوٹیفکیشن، ٹریننگ اور ویڈیوز وغیرہ کی تمام معلومات عوام کو موبائل پر مہیا ہوں گی جس سے انتخابات کی شفافیت میں اضافہ ہوگا۔

اسلام آباد دارالحکومت کی مرکزی تقریب کے علاوہ چاروں صوبائی دارالخلافوں میں بھی تقریبات منعقد ہوئیں۔جس میں متعلقہ صوبوں کے گورنرز مہمان خصوصی تھے اور چاروں ممبران الیکشن کمیشن نے صوبوں کی مرکزی تقریب میں شرکت کی ۔متعلقہ صوبے کے گورنر ہاؤس میں ہونے والی مرکزی تقریب میں گورنر مہمان خصوصی تھے۔متعلقہ ممبر الیکشن کمیشن اور صوبائی الیکشن کمشنرز نے ووٹ کی اہمیت پر خطاب کیا۔صوبائی سطح پر یہ تقریبات لاہور، کوئٹہ، پشاور اور کراچی کے گورنر ہاؤسز میں منعقد ہوئیں۔ہر صوبے کے معزز، سرکردہ چیدہ چیدہ لوگ، سول سوسائٹی اور صوبائی سرکاری ملازمین اس تقریب میں شریک تھے۔

پاکستان کے ہر ڈویژن اور ضلع کی سطح پر بھی قومی دن برائے ووٹران کو منانے کا اہتمام کیا گیا۔فاٹا کی تمام ایجنسیوں میں بھی یہ شایان شان طریقے سے منایا جارہاہے۔تمام شہروں میں مختلف تقریبات اور آگاہی واک کا اہتمام بھی کیا گیا جس میں معززین علاقہ، سول سوسائٹی اور میڈیا نے بھرپور شرکت کی۔پاکستان کے تمام شہروں کی اہم شاہراہوں پر بینرز اور پوسٹرز آویزاں کردیئے گئے ہیں تاکہ عوام کو 7دسمبر قومی دن برائے ووٹران اور ووٹ کی اہمیت کا احساس دلایا جاسکے۔عام انتخابات 2018ء کی آمد کے سلسلے میں قومی دن برائے ووٹران کی اہمیت بڑھ گئی ہے۔اس دن کو منانے سے عوام میں ووٹ کی اہمیت کا احساس اجاگر ہوگا اور وہ آنے والے عام انتخابات 2018ء میں بھرپور شرکت کرسکیں گے۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆